آدمیوں کو بھیجنے کی ضرورت ہے۔ بعض تبلیغ کا کام کریں اور بعض خطوط لا کر ایران میں ڈالنے کے کام پر ہوں تاکہ ہمیں اطلاع ملتی رہے۔ ایران تک کا سفر لمبا بھی ہے اور خطرناک بھی ...اسلئے ممکن ہے۔ کہ سال بھر میں ایک ہی ایک آدھ خط ہی لا سکے۔ اسوجہ سے کم از کم ایسے چار آدمیوں کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کئی ایسے آدمی چاہیئیں۔ جو مختلف مرکزوں میں بیٹھ کر کام شروع کریں پس اسی لیئے میں نے پہلے بھی تحریک کی تھی اور اب پھر کرتا ہوں۔ کہ جنکو خدا تعالیٰ توفیق دے وہ اپنے آپ کو اس کام کے لیئے آمادہ رکھیں۔ اور اپنے نام دفتر تالیف و اشاعت میں دیدیں۔ انمیں سے جو مناسب ہوں گے۔ انکو میں اطلاع دیدونگا پھر جیسی مصلحت ہوئی ظاہر یا پوشیدہ انکو روانہ کر دیا جائے گا۔ اس موقع پر میں یہ بھی تحریک کرتا ہوں کہ

میاں محمد امین خاں کا سفرنامہ

ایسا دلچسپ ہے۔ کہ اگر غور کیا جائے۔ تو بہت سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ ایک تو بعد میں جانے والوں کو ان مشکلات کا علم اور ان کے حل کرنے کا طریق معلوم ہو سکتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ سادہ الفاظ میں سفر نامہ لکھوا کر چھپوا دیا جائے۔ یوں بھی سفر نامے قصہ کے طور پر ہوتے ہیں۔ مگران کا سفر تو بہت دلچسپ ہو گیا ہے۔ کیونکہ یہ بغیر خرچ کے گھر سے چلے کہیں بھوکے رہے کہیں پیاسے۔ کہیں جیل میں رہے کہیں گھروں میں۔ اسلئے ارادہ ہے۔ کہ انکا سفر نامہ چھپوا دیا جائے۔ اور بچوں کو پڑھایا جائے۔ تاکہ بچوں کے دلوں سے مشکلات اور تکالیف کا رعب مٹ جائے۔ یورپ کے متعلق میں نے پڑھا ہے کہ وہاں ابن بطوطہ اور رابن سن کروسو کے قصوں نے جسطرح ان لوگوں کی ترقی میں مدد دی ہے اور کسی کتاب نے نہیں دی۔ ان کے قصے لڑکوں کو پڑھائے جاتے ہیں۔ اور جب وہ دیکھتے ہیں۔ کہ انھوں نے مشکلات میں اسطرح مقابلہ کیا۔ یہ حالات پیش آئے۔ اسطرح کامیابی حاصل ہوئی۔ تو ان کے دل میں بھی شوق پیدا ہوتا ہے کہ ہم بھی باہر جائیں۔ اور کامیابی حاصل کریں مشکلات پر غالب آئیں۔ مگر ہمارے ملک میں دیکھا گیا ہے۔ کہ اگر کوئی افریقہ بھی جاتا ہے تو ماتم پڑ جاتا ہے حالانکہ یورپ والے لڑائی پر بھی جاتے ہیں تو کوئی پروا نہیں کی جاتی۔ تو سفری قصوں سے ایک تو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ باہر جا کر

سیر کرنے کا شوق

پیدا ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ

مشکلات سے آگاہی

ہوتی ہے اور ان پر غالب آنے کے طریق معلوم ہوتے ہیں کہتے ہیں۔ کوئی بے وقوف بادشاہ تھا۔ اس نے خیال کیا فوجوں پر خواہ مخواہ اتنا روپیہ صرف ہوتا ہے۔ ان کے رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کے بجائے قصائیوں سے لڑائی کے وقت کام لینا چاہیئے۔ یہ خیال کر کے اسنے فوجوں کو موقوف کر دیا۔ یہ معلوم کر کے غنیم نے حملہ کر دیا۔ مقابلہ کے لیئے قصائیوں کو بھیجا گیا۔ مگر وہ جلدی ہی بھاگ آئے۔ پوچھا کیوں بھاگے تو کہنے لگے۔ کہ وہ تو رگ دیکھتے ہیں نہ پٹھا۔ بے تحاشا مارتے جاتے ہیں۔

یہ ہے تو قصہ مگر جسطرح اور قصوں کی ایک غرض ہوتی ہے اسی طرح اسکی بھی یہ غرض ہے کہ جو لوگ کسی کام کا تجربہ نہیں رکھتے۔ وہ وقت پر کچھ نہیں کر سکتے۔ پس مشکلات کے متعلق تجربہ ہمیں بتاتا ہے کہ کیا کرنا چاہیئے۔ سفر ناموں کے مطالعہ سے یہ بھی فائدہ حاصل ہوتا ہے اور ایک حد تک مشکلات کا علم ہو جاتا ہے جو تجربہ کی ایک شاخ ہے تیسرے یہ کہ جو دقتیں پیش آتی ہوں انکا حل معلوم ہو جاتا ہے۔ گو نئی مشکلات بھی پیش آ سکتی ہیں۔ اور آتی ہیں۔ مگر انکو بھی اسطرح دور کیا جا سکتا ہے جسطرح اوروں کو۔

پس میرا منشاء ہے۔ کہ ان کا سفرنامہ لکھوایا جائے اور بچوں کو پڑھایا جائے تاکہ یہ ڈر اور ہیبت جو ملک سے باہر جانیکے متعلق دلوں میں ہے بچوں کے دلوں سے نکال دی جائے۔

میں

دعاء

کرتا ہوں۔ کہ میاں محمد امین صاحب کو خدا تعالیٰ اور خدمت دین کرنے کی توفیق دے۔ اور اگر قادیان سے دور رہنے کی وجہ سے انکے دل پر کچھ زنگ لگ گیا ہو تو اسے دور کر دے۔ انکی ایمانی ترقی کے سامان کرے۔ نیز یہ بھی دعا کرتا ہوں کہ ہماری نسلیں تبلیغ کیلئے نکلیں اور ان کے دل سے ہر قسم کا ڈر اور خوف اور خطرہ نکل جائے۔ اور خدا تعالیٰ انہیں کامیابی و نصرت اور فتح دے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبہ جمعہ

جلسہ سالانہ کیلئے چند ہدایات

فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی

(۱۸ر نومبر ۱۹۲۳ء)

اگرچہ حلق کی تکلیف اور نزلہ کی زیادتی کیوجہ سے میں کوئی خاص تقریر نہیں کرسکتا۔ تاہم چونکہ جلسہ کے دن قریب آگئے ہیں۔ اسلئے باوجود تکلیف کے میں خود ہی خطبہ پڑھنا مناسب سمجھتا ہوں۔

پہلی ہدایت

پہلی ہدایت جس کے بغیر کوئی مدعا اور مقصد پورا نہیں ہوسکتا۔ یہ ہے۔ کہ اس جلسہ کی غایت اور غرض کو مدنظر رکھا جائے۔ جب تک کسی کام کی غرض اور غایت معلوم نہ ہو۔ تب تک اس کام کے لئے انسان پوری کوشش نہیں کرسکتا اسلئے دوستوں کو چاہیئے۔ کہ وہ اپنے کاموں کا حرج کرکے بھی جلسہ میں شامل ہوں۔

بیرونی احباب توجہ کریں

چونکہ خطبہ تمام قومی ضروریات کے مطابق ہوتا ہے۔ اور وہ چھپ کر باقی دوستوں تک بھی پہنچتا ہے۔ اس لئے میں خطبہ ہی کے ذریعہ قادیان سے باہر کے دوستوں کو بھی خاص طور پر توجہ دلاتا ہوں۔ کہ وہ جلسہ میں شامل ہونے کے لئے ہمت اور کوشش کریں۔ اور اپنے کاموں کا حرج کرکے بھی آئیں۔ نہ صرف خود آئیں۔ بلکہ اپنے زیر اثر لوگوں کو بھی یہاں لانے کے لئے ابھی سے کوشش کریں۔ بہت سے لوگ خیال کرتے ہیں۔ کہ جس طرح ہم احمدی ہیں۔ اسی طرح ہمارے زیر اثر دوست بھی ہیں۔ اُن کو چلتے وقت اپنے ساتھ لے لینگے۔ اور وہ فوراً چل پڑینگے حالانکہ وہ لوگ جو ابھی سلسلہ میں داخل نہیں ہوئے جن کے دلوں میں ابھی سلسلہ کی عظمت نہیں۔ ان کو چلتے وقت کہنا۔ کہ چلیئے۔ حالانکہ وہ کئی کام پہلے سے مقرر کرچکے ہوتے ہیں۔ ایک ناممکن بات کا مطالبہ کرنا ہے۔ اسوقت اُن کو ساتھ چلنے کے لئے کہنا۔ کچھ فائدہ نہیں دے سکتا۔ وہ لوگ کہ جن کو انہیں دنوں میں تعطیلیں ہوتی ہیں۔ اور فراغت ہوتی ہے۔ وہ تو دو دو ماہ پہلے اپنے کاموں کی تجویز کرلیتے ہیں۔ کوئی کسی شادی کا فیصلہ کرلیتا ہے۔ کوئی دوستوں کی ملاقات کا فیصلہ کرلیتا ہے۔ کوئی اور کسی گھر کے کام کا فیصلہ کرلیتا ہے۔ اُسوقت اُن سے یہ چاہنا۔ کہ وہ اپنے پہلے فیصلے کو منسوخ کردیں۔ ایک ناممکن بات کی خواہش کرنا ہے۔

شمولیت جلسہ کیلئے پُرزور تحریک کی ضرورت

پس پیشتر اس کے کہ وہ کسی اور شغلہ کا فیصلہ کرلیں۔ ہماری جماعت کو چاہیئے۔ کہ اپنے دوستوں میں جلسہ میں شمولیت کے لئے تحریک کریں۔ کیونکہ جب وہ کسی امر کا فیصلہ کرچکیں۔ تو پھر فیصلہ کو منسوخ کرنا۔ بہت مشکل کام ہوتا ہے۔ پس پہلے تو میں اُن لوگوں کو نصیحت کرتا ہوں۔ کہ جن کے ایسے لوگوں سے تعلقات ہیں۔ جو صداقت پسند اور حق جو ہیں تحریک شروع کردیں۔ بہت سے لوگ ہیں۔ جو حجاب کی وجہ سے ہمارے سلسلہ سے پیچھے ہٹے ہوئے ہیں۔ اُن کے لئے یہی دن حجاب کے دور ہونے کا ذریعہ ہیں۔ کیونکہ جب ایک رو پیدا ہوجاتی ہے۔ تو ان کو دیکھ کر اور لوگوں میں بھی وہ رو جاری ہوجاتی ہے۔ جب وہ چاروں طرف سے لوگوں کو آتے ہوئے دیکھیں گے۔ تو ان کے اندر بھی خواہش پیدا ہوگی۔ عام طور پر لوگوں کا ایک جگہ پر جانا بھی ایک دلچسپی پیدا کردیتا ہے انسان کی یہ عادت ہے۔ کہ جس کام کو بہت سے لوگوں کو کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اس کے دل میں بھی اس کیلئے ایک شوق پیدا ہوجاتا ہے۔ چونکہ سینکڑوں ہزاروں لوگ چاروں طرف سے ان دنوں میں آرہے ہوتے ہیں اس لئے ان کو جو دیکھتے ہیں ان کے دل میں بھی تحریک پیدا ہوتی ہے۔ پھر جلسہ کا ایک خاص طور پر اثر ہوتا ہے۔ دیکھو آریہ سماج کے مندروں میں کوئی غیر قوم کا شخص نہیں جاتا۔ لیکن ان کے جلسہ پر بہت سے مذاہب کے لوگ جمع ہوجاتے ہیں۔ کیونکہ انسان کی طبیعت عجوبہ پسند بھی ہے۔ اسی طرح یہاں بھی جلسہ کے دنوں میں لوگ خیال کرتے ہیں۔ معلوم نہیں وہاں کیا ہوتا ہے۔ چلو چلکر دیکھیں تو سہی کہ وہاں کیا ہوتا ہے۔ پھر عام طور پر لوگ یہ بھی نہیں پسند کرتے کہ وہ اکیلے یہاں آئیں۔ ان کے دلوں میں حجاب ہوتا ہے۔ کہ اگر کسی نے پوچھا تو کیا کہیں گے۔ لیکن جب جلسہ کے دن ہوں۔ اور لوگ ان دنوں میں کثرت سے آرہے ہیں۔ تو ان کو کسی قسم کا حجاب نہیں ہوتا کیونکہ وہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ جس طرح اور لوگ جلسہ دیکھنے کے لئے جارہے ہیں۔ اس طرح ہم بھی جارہے ہیں جلسہ دیکھنے میں تو کوئی ہرج نہیں آخر ہم اور جلسے بھی تو دیکھتے ہیں۔

جلسہ ہماری تبلیغ کے لئے مفید ذریعہ ہے

درحقیقت ہمارے کام کی وسعت چاہتی ہے کہ ہماری عام ہمدردی ہو۔ اور عام لوگوں کی طرف ہماری توجہ ہو۔ کیونکہ یہ ہماری تبلیغ کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔ اس لئے میں تو کہتا ہوں۔ اگر کوئی دشمن سے دشمن بھی قادیان میں آئے اور دشمن ہی چلا جائے۔ تب بھی ہماری ہی فتح ہوگی۔ کیونکہ سلسلہ کی کچھ نہ کچھ عظمت اس کے دل میں ضرور پیدا ہوجائیگی۔ اور بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ باہر ایک مولوی نے ہماری مخالفت میں ہمارے سلسلہ کے متعلق جب غلط بیانیاں کی۔ تو ایک غیر احمدی نے جو عقائد کے لحاظ سے ہمارا مخالف تھا مگر کسی موقع پر یہاں آیا تھا۔ اُس مولوی کی تردید کردی۔ اور کہا کہ نہیں میں خود قادیان گیا ہوں۔ یہ لوگ بڑے دیندار ہیں۔ یہ الگ بات ہے۔ کہ میں احمدی نہیں ہوں مگر وہ باتیں ان میں نہیں پائی جاتیں۔ جو ان کیطرف منسوب کی جاتی ہیں۔ ایسے آدمی کی گواہی عوام پر

بہت اچھا اثر کرتی ہے۔ کیونکہ وہ سمجھتے ہیں۔ کہ یہ مخالف کی شہادت ہے۔ پس چاہیئے ایسے لوگ خواہ دشمن ہی رہیں۔ لیکن وہ بہتوں کو ہمارا دوست بنانے کا باعث ہو جاتے ہیں۔ اور دشمن ہونے کی وجہ سے ہماری صداقت کے زیادہ عمدہ گواہ ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ باوجود دشمن ہونے کے پھر ہماری خوبی کا اقرار کرتے ہیں۔ تو قادیان میں لوگوں کا لانا بہت مفید امر ہے۔ اور قادیان میں دوسرے لوگوں کو لانے کے لئے جلسہ کے دنوں سے زیادہ بہتر اور کوئی موقع نہیں ہے۔ پس تمام دوست جقدر بھی زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے ساتھ لا سکیں۔ وہ ضرور ان دنوں میں لائیں۔ اور یہاں لانے کے لئے ابھی سے تحریک شروع کر دیں ؂

کارکنان جلسہ کیلئے خاص توجہ و تیاری کی ضرورت

پھر یہاں کے کارکنوں کو خاص توجہ دلاتا ہوں۔ کہ جب بیرونی دوست اپنے ساتھ دوسرے لوگوں کو بھی لائیں گے۔ تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ یہاں زیادہ آدمی آئیں اور کام بھی زیادہ ہوگا۔ اس لئے وہ بھی ابھی سے تیاری شروع کر دیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے افسر بہت ہوشیار ہیں۔ اور اس بات کو سمجھتے ہیں۔ کہ سامان یکدم جمع نہیں ہوا کرتے۔ اس لئے وہ بہت مدت پہلے سامان جمع کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ لیکن میرے نزدیک ابھی ان کے اندر یہ احساس نہیں پیدا ہوا۔ کہ جس طرح سامان کا پہلے سے جمع کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح کام کرنے والے آدمیوں کا بھی پہلے جمع کرنا اور ان کو کام کے لئے تیار کرنا اور پہلے سے ہی کام سکھانا ضروری ہے۔ دیکھو گورنمنٹ کتنے سپاہی تیار رکھتی ہے۔ اور کس قدر اخراجات ان کے لئے برداشت کرتی ہے۔ کیا ان پر فضول خرچ کرتی ہے۔ نہیں۔ بلکہ اس لئے کہ وہ وقت پر کام آ سکیں۔ کیونکہ کوئی کام کرنے والا اپنے فرض منصبی کو عمدگی سے ادا نہیں کر سکتا۔ جب تک اُس کو پہلے سے اس کام کے کرنے کی مشق نہ ہو۔ ایک مثال ہے۔ کہ ایک بیوقوف بادشاہ نے اپنی کثیر فوج کو یہ سمجھ کر کہ اتنی فوج رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ برطرف کر دیا۔ اور اس کی بجائے قصابوں کے ایک ایک دو دو روپے مقرر کر دیئے کہ یہ تو چھری چلانا جانتے ہیں۔ جب ضرورت پڑیگی ان سے یہ کام لے لیا جائے گا۔ جب اس کی اس بے وقوفی کا پاس والی حکومت کو پتا لگا۔ تو اس نے چڑھائی کر دی۔ ادھر بادشاہ نے تمام قصاب لڑنے کے لئے بھیج دیئے۔ مگر تھوڑی دیر کے بعد وہ سب دوڑے دوڑے آئے۔ اور کہنے لگے حضور وہ تو نہ رگ دیکھتے ہیں نہ پٹھا۔ بے تحاشا مارے جاتے ہیں۔ ہم تین چار مل کر ایک آدمی کو پکڑیں۔ اور لٹا کر۔ اس کے گلے پر چھری پھیریں۔ مگر اتنی دیر میں وہ ان کے کئی آدمی مار دیں۔ یہ ایک مثل ہے۔ اور مثل ایسی ہی بنائی جاتی ہے جو انتہائی درجہ کو ظاہر کرے۔ پس مثال ہمیشہ اپنے آخری نتیجہ کو ظاہر کیا کرتی ہے۔ ایسا نہیں تو انہیں بھی کوئی شبہ نہیں کہ ایسے واقعات ضرور ہوتے رہتے ہیں۔ اور ہر روز ہوتے ہیں۔ پس انسان کو جس کام کو کرنے کی مشق نہ ہو۔ وہ خواہ کتنا ہی معمولی ہو۔ اسے نہیں کر سکتا میرا اپنا ہی واقعہ ہے۔ کہ مکان بن رہا تھا۔ اور مستری لکڑی گھڑ رہے تھے۔ میری چھوٹی عمر تھی۔ میں نے جوان کو لکڑی پر تیشہ مارتے دیکھا۔ تو سمجھا کہ آسان کام ہے۔ اور میرے دل میں بھی اس کے کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ جب وہ آدمی کہیں گیا۔ تو میں نے تیشہ چلانا چاہا۔ ابھی پہلا ہی تیشہ مارا تھا۔ کہ اس سے میری انگلی زخمی ہو گئی۔ اسی طرح ایک دفعہ کوئی مزدور کام کر رہا تھا۔ اُسے دیکھ کر میں پیچھے پڑ گیا۔ کہ مجھے کہی دو۔ میں بھی چلاؤنگا کیونکہ میں سمجھتا تھا۔ کہ یہ کونسی مشکل بات ہے لیکن جب کہی مارنے لگا۔ تو وہ میرے پاؤں پر لگی ؂

کام کرنے سے آتا ہے

تو ہمیشہ کام کرنے سے آتے ہیں۔ میں نے بارہا سمجھایا ہے۔ کہ جن لوگوں سے کام لینا ہوتا ہے۔ اُن سے مصنوعی طور پر دو دو ماہ پہلے وہ کام کرائے جائیں دیکھو۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو کس قدر مشق کرانے کا شوق تھا۔ آپ کو یہاں تک خیال تھا۔ کہ آپ مسجد میں جنگی مشقیں کرایا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ مسجد میں حبشیوں سے گتکا کھلایا۔ اس حدیث کا ترجمہ کرنے والے بعض مولویوں نے اس کو تماشا لکھا ہے۔ اور گتکے کو تماشہ میں شامل کر کے نبی کریمؐ کو تماشا دیکھنے والا اور اپنی بیوی کو دکھانے والا قرار دیا ہے لیکن یہ وہ تماشا ہے۔ کہ جس کے بغیر کوئی قوم زندہ نہیں رہ سکتی۔ جو قوم یہ تماشہ نہیں جانتی۔ دنیا اس کا تماشا دیکھتی ہے۔ اور جس طرح قلندروں کے ہاتھ میں بندر ہوتے ہیں۔ جو ناچتے ہیں۔ اسی طرح وہ دوسری قوموں کے قبضہ میں ہوتی ہے۔ جو اس کو نچاتی ہیں۔ پس گو ایسے کام دیکھنے میں تماشہ ہی معلوم ہوں لیکن درحقیقت یہ مشقیں ہوتی ہیں۔ میں نے بارہا ایسی مشقوں کے لئے توجہ دلائی ہے۔ لیکن میں نے دیکھا ہے۔ کہ ایک دفعہ بھی اس طرف توجہ نہیں کی گئی۔ اب پھر میں توجہ دلاتا ہوں۔ کہ جن لوگوں سے کام کرایا جائے گا۔ وہ ابھی سے اپنے آپ کو پیش کر کے ان کاموں کی کہ جن پر انہیں لگایا جائیگا مشق کریں۔ اور ایسی مشقوں کو خلاف وقار نہ سمجھیں۔ جب نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسے انسان نے اس قسم کے کام کئے۔ تو ہمارا کیا ہرج ہے۔ اور جو کام آئندہ کرنا ہوتا ہے۔ اُس کی مشق تماشا نہیں کہلاتی۔ وہ درحقیقت ایک قسم کی تیاری ہوتی ہے ؂

مشقیں قومی زندگی کے آثار ہیں

پس کام کے لئے قبل از وقت مشق کرنی نہایت ضروری ہے۔ مثلاً ایک بڑی جماعت سے بہت سے بوجھوں کے اٹھوانے کی مشق کرائی جائے۔ اور ایسے کام جن کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ان کی مشق کرائی جائے۔ دیکھو آگ بجھانے والوں سے آگ بجھانے کی اس طرح مشق کرائی جاتی ہے کہ

مصنوعی مکان بنائے جاتے ہیں اور ان میں سامان رکھے جاتے ہیں پھر ان کو آگ لگا دی جاتی ہے جسکو انھوں نے بجھانا ہوتا ہے اور مال کو بچانا ہوتا ہے اسطرح اگر ان کو مشق نہ کرائی جاوے تو وقت پر وہ گھبرا جائیں اور دیکھتے رہ جائیں۔ پس ایسی مشقتیں قومی زندگی کے آثار ہوتی ہیں جو شخص اپنے کاموں کو خلاف وقار سمجھتا ہے وہ کوتہ اندیش ہے۔

پھر میں کارکنوں کو ایک یہ بھی نصیحت کرتا ہوں کہ انسان خود اپنی عقل سے اپنے کام کو پورے طور پر نہیں سمجھتا اگر اپنی عقل سے سمجھنے لگے تو بیسیوں باتیں اس سے رہ جائینگی اسلیئے یہاں کے کارکن دوست ابھی سے بیرونی دوستوں کی طرف چٹھیاں لکھ کر ان سے پوچھیں کہ ان کو رستہ میں اور یہاں کیا کیا مشکلات پیش آتی ہیں اور انکو دور کرنے کا کیا ذریعہ ہے اور کیا تدابیر ہیں گویا مشکلات بھی ان سے پوچھیں اور ان کے دور کرنے کی تجاویز بھی ان سے دریافت کریں یہ تمام کام ایسے ہیں جنکے لیئے ابھی سے تیاری کی ضرورت ہے اسکے ساتھ ہی میں یہ بھی کہونگا کہ افسر بھی انتظام نہیں کر سکتے جبتک کہ دوسرے لوگ ابھی سے اپنے آپکو خدمت کیلئے پیش نہ کریں۔ اسلیئے جو لوگ اپنے آپکو جلسہ میں کام کرنے کے لیئے پیش کر سکتے ہیں۔ وہ ابھی سے پیش کر دیں جو پیش کر سکتے ہیں۔ اس سے میری مراد یہ نہیں ہے کہ بعض نہ پیش کریں تو حرج نہیں۔ بلکہ اس سے مراد وہ تاجر ہیں۔ جو جلسہ پر اپنی دوکان لگا کر سال بھر کا خرچ پیدا کرتے ہیں۔ پس سوائے تاجروں کے باقی تمام اپنے آپ کو پیش کر سکتے ہیں۔ کارکن افسروں کو چاہیئے کہ ابھی سے کام کرنے والوں کے جتھے بنا کر ان کو کام کرنا سکھائیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ اگر اسیطرح دوست کام کرینگے تو پہلے سے بہت زیادہ اپنے کام میں کامیاب ہوں گے +

اطلاع۔ احمدی ووٹران یونیورسٹی پنجاب کو اطلاع دیجاتی ہے کہ وہ اپنے اپنے ووٹ خلیفہ شجاع الدین صاحب کے حق میں دیں۔ انچارج صیغہ انتخاب قادیان

افریقہ کے جنگلوں میں ظاہری اسباب کے بغیر اشاعت اسلام

سرفروشوں کی ضرورت

ذیل میں ایک خط درج کیا جاتا ہے جو افریقہ کے ایک علاقہ سے ایک احمدی بھائی نے حال میں حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کس طرح خدا تعالیٰ بغیر ظاہری سامانوں کے لوگوں کو اسلام کی طرف کھینچ کر لا رہا ہے ایسی حالت میں اگر کوئی جان فروش مبلغ اس علاقہ میں پہنچ جائے۔ اور اپنی زندگی کو خدمت دین کے لیئے وقف کر کے ان لوگوں میں تعلیم اسلام دینے لگ جائے تو انشاء اللہ بہت تھوڑے عرصہ میں کثیر التعداد لوگ اسلام کے جھنڈے کے نیچے آ سکتے۔ اور اطمینان قلب حاصل کر سکتے ہیں۔ جن صاحب کا یہ خط ہے وہ اس علاقہ میں سرکاری ملازم ہیں۔ اور اگرچہ ان کے دل میں تبلیغ کا جوش ہے۔ مگر ان کے لیئے مشکلات بھی ہیں۔ اسلیئے ضرورت ہے کہ ایسے سرفروش وہاں صرف تبلیغ کے لیئے جائیں۔ ہاں اپنی ضروریات کے لیئے تھوڑا بہت آزادانہ کاروبار بھی کریں۔ - ایڈیٹر -

باوجودیکہ دشمنان اسلام سرتاپا اسلام کو نیست و نابود کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کی قدرت وطاقت اور اسکے ملائکہ بغیر کسی ظاہری سامانوں کے لوگوں کے دلوں میں اسلام کی روح پھونک رہے ہیں۔ ہر جگہ سنتا ہوں کہ افریقن لوگ ختنہ کرا رہے ہیں یعنی مسلمان ہو رہے ہیں کیونکہ ادھر مسلمان ہونے کا یہی نشان ہے۔ اس سٹیشن پر چند ماہ پہلے دو آدمی مسلمان ہوئے تھے پانچ دن گذرے ہیں کہ دو اور آدمیوں نے ختنہ کرایا ہے دو آدمی انشاء اللہ کل ختنہ کرائیں گے۔ میں صرف ان سے محبت رکھتا ہوں۔ جو کہ ان کے واسطے اسلام کی محبت پیدا کرے۔ کچھ مالی خدمت بھی کرتا ہوں۔ مگر کوئی شخص ان کے واسطے مبلغ نہیں ہے۔ ہاں ملائکہ ہیں۔ یہاں سے قریبًا سو کوس کے فاصلہ پر ایک دیسی سلطان ہے۔ اس نے ختنہ کرایا ہے۔ اسکی دیکھا دیکھی اب اس کے ماتحت تمام گاؤں کے لوگ ختنہ کرا رہے ہیں۔ یہ لوگ اہل ہنود کے مذہب کو قطعًا سننا بھی نہیں چاہتے۔ مُردہ کا جلانا اور پتھر کی تصویروں کو خدا سمجھ کر عبادت کرنا سخت بُرا سمجھتے ہیں۔ عاجز چاہتا ہے کہ ان سبکو معہ اُن کے جو یہاں آباد ہیں جاکر تبلیغ اسلام کروں۔ دل چاہتا ہے کہ شہروں میں جاکر للکار کر اسلام کی تبلیغ کروں۔ مگر ہندوستانی مسلمان بھائی اہل عرب و اہل ہنود ہر نامناسب تجاویز کو عمل میں لاکر میرے لیئے مشکلات پیدا کریں گے۔ جو لوگ عیسائی ہوگئے تھے وہ مسلمان ہو رہے ہیں۔ ایک پادری نے سات سال میں جان توڑ کوشش سے قریبًا تیس عیسائی بنائے تھے جو اُسکے چلے جانے کے بعد تین رہ گئے

مکتوب امام

تکمیل وصیت کی ضرورت

بعض لوگ وصیت کر کے اسکو تکمیل کرنیکی ضرورت نہیں سمجھتے ایسے اصحاب کو حضرت خلیفۃ المسیح ثانی کا حسب ذیل مکتوب توجہ سے ملاحظہ کرنا چاہیئے جو حضور نے ایک صاحب کو لکھ کر دیا۔

جب تک وصیت کی تکمیل نہ ہو جاوے نعش دفن کرنے کا قاعدہ نہیں۔ جس شخص کے رشتہ دار غیر احمدی ہوں اسکی جائداد اسکی ملکیت کے لحاظ سے کسی اور کی ہے اسکی وصیت کا کیا مطلب ہوا۔ بہشتی مقبرہ کی غرض تو یہی ہے کہ اس میں ان لوگوں کو دفن کیا جائے جو اپنی عمل سے ثابت کر دیں کہ وہ بڑے مخلص ہیں اور دین کے لیئے سب کچھ قربان کر رہے ہیں اب جو شخص ایسا مال دیتا ہے جو وہ خود نہیں لے سکتی یہ کونسی قربانی ہے اگر مختار اسطرح نالش کیا کرے تو سارا وصیت کا روپیہ مقدمات پر خرچ ہو جاوے۔ پس میں نے فیصلہ کر دیا ہوا ہے کہ انہی کی وصیت تسلیم کی جاوے جو کہ اپنی جائداد پر قبضہ کروا دے یا اسکی جائداد کا ملنا یقینی ہو +

جامع نعمانی

یوں تو احمدیہ سلسلہ کی تصنیف کا ایک اعلیٰ پیمانہ کا ذخیرہ موجود ہے اور دن بدن ترقی پر ہے لیکن یہ کتاب بھی جس کا نام جامع نعمانی ہے عجیب و غریب اور ہر ایک خواندہ نا خواندہ کے کارآمد ہے۔ اس کتاب میں میں نے حضرت مسیح موعود حکم و عدل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وہ اقوال و ارشادات و اعمال جمع کئے ہیں جو اپنے کانوں سے سُنے اور اپنی آنکھوں سے آپ کو کرتے ہوئے دیکھا اور یا کسی نے آپ سے کوئی مسئلہ دریافت کیا اور آپ نے جواب دیا یا کسی نے خط کے ذریعہ سے کوئی مسئلہ پوچھا اور آپ نے یا تو مجھے فرمایا کہ یہ لکھدو یا آپ نے اپنے دست مبارک سے خط کی پشت پر لکھدیا کہ یہ لکھ کر بھیجدو۔ یا کسی کے کسی فعل پر آپ نے فرمایا کہ ایسا نہیں چاہیئے یا درست فرمایا۔ یا آپ نے اس میں اصلاح فرمائی۔ غرض کہ اس کتاب جامع نعمانی میں ہر قسم کے مسائل ابتداء وحی و الہام سے آخر تک جیسے معانی کلمہ طیبہ اور نماز روزہ حج و زکوٰۃ و معاشرت و تقدیر و تدبیر۔ حقیقت معراج و نماز جمعہ و تعداد رکعت و تہجد و وتر و دعا و طریق دعا و دوسرا چلنا پھرنا۔ بیٹھنا اٹھنا و آداب و اخلاق بزرگوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت و مہربانی۔ یتامیٰ و مساکین سے سلوک و والدین کی خدمت و مسئلہ وحدت الوجود و وحدت الشہود کی حقیقت۔ غیر مسلم سے ہمدردی۔ اپنے اہل و عیال کے ساتھ برتاؤ۔ اور لباس و خوراک و خورونوش اور مہمان کا اکرام۔ حج کی حقیقت تقویٰ۔ بعض آیات کی تفسیر اور بعض احادیث کی شرح اور صحابہ کی شان اور خود اپنے اصحاب کی شان۔ اور میرے نام خطوط اور بادشاہوں امراء اور راجوں کے نام خطوط وغیرہ۔ میں امام بخاری کی طرح حدثنا و اخبرنا نہیں کہتا بلکہ سمعنا و رئینا کہتا ہوں جو صاحب اسکو خریدنا چاہیں وہ اپنا نام میرے پاس بھیجدیں ان کو نام آنے پر انشاء اللہ بہت جلد یہ کتاب مبارک چھپ جائیگی۔ ہر گھر میں اس کا ہونا ضروری ہے حجم ۲۰۰ صفحہ قیمت عہ

ابو النعمان محمد سراج الحق جمالی نعمانی قادیان

دار الامن و الامان۔ احباب شوقین جلد نام بھیجیں؟

ناطہ کی درخواست

ہمیں دو لڑکیوں کے لیئے جو برسر روزگار ہیں رشتوں کی ضرورت ہے۔ آمدنی معقول کے علاوہ صاحب جائداد ہیں۔ لڑکیاں تعلیم یافتہ اور تربیت یافتہ ہوں۔ مغل۔ شیخ۔ پٹھان کی قوموں کو ترجیح دی جاوے گی۔

زیادہ حالات بذریعہ خط و کتابت دریافت کریں۔ والسلام

المشتہران۔ شیخ رحیم بخش الٰہی بخش بک سیلرز اینڈ پبلشرز احمدی۔ گجرات پنجاب

غازی محمود دھرم پال

صاحب بی۔ اے کی مصنفہ کتب کے پڑھنے سے آپکو ہندو مذہب کی اندرونی تصویر پورے طور سے نظر آجائیگی۔ ہندو مذہب کے مقابلہ کے لیئے مکمل مناظر بننا چاہتے ہیں تو آج ہی مندرجہ ذیل کتب کیلئے منی آرڈر ارسال فرمایئے کفر توڑ رجسٹرڈ ۸ رت تکن رجسٹرڈ ۸ر سر توڑ رجسٹرڈ ۸ر چڑیا ر یجر وید کا اردو ترجمہ عے بیسویں صدی کا مہارشی ۸ر مصنفہ میر قاسم علی صاحب۔ کفر توڑ مصنفہ حسین میر ۴ر

المشتہر منیجر کفر توڑ بک ایجنسی بھاٹی دروازہ لاہور

آریوں کے خلاف زبردست کتابیں

تصدیق براہین احمدیہ ہر دو حصہ عہ نور الدین عہ آریہ مذہب کی حقیقت عہ تفسیر نور عہ نسیم دعوت ۸ر تربت شکن ۸ر شبین گن ۲ر عظمت القرآن ۱ر ایک روپیہ کے ۲۱۔ صاعقہ ذو الجلال ہر دو حصہ ۶ر رشی نہر کلنگ اوتار ۸ر کرشن لیلا ۸ر رسالہ نیوگ مصنفہ ماسٹر عبد الرحمٰن ۲ر تعلیم الاسلام معہ ضمیمہ ۱۲ر ضرورت زمانہ عہ قدامت روح و مادہ ۴ر گوشت خوری ۳ر سرمہ چشم آریہ ۱۲ر کسر صلیب ۴ر پتہ نصیر شاپ قادیان۔ نوٹ تار مہدی۔ جہازی مہدی۔ نکھیاں کون لٹائے۔ صدقہ جاواں وغیرہ تیار ہو رہی ہیں

سستی اینٹ مکان کیلئے خرید لو

احمدیہ سٹور نے مکان بنانے کے لیئے سستی اینٹ مہیا کرنے کا انتظام کیا ہے۔ اسوقت للعہ فی ہزار پر اینٹ فروخت ہو رہی ہے جو صاحب ہماری معرفت سودا کریں اُنکو جنوری ۱۹۲۴ء میں انشاء اللہ اینٹ ۱۵ عہ فی ہزار درجہ اول جس میں ۱۰ فیصدی معمول کے موافق درجہ دوم ہوگی۔ بھٹہ پر دی جائیں گی۔ جو صاحب خریدنا چاہیں وہ خاکسار کو اطلاع دیں یہ اینٹ قادیان میں اس وقت سب سے بڑا ہے یعنی ½۹ × ¾۴ × ½۳ قیمت پیشگی ناظر بیت المال کے پاس جمع کرادیں۔ اینٹ شمار ہونے کے بعد وصول کر لی جائے گی +

خاکسار یعقوب علی مینجنگ ڈائرکٹر سٹور

احمدیہ۔ قادیان

بیسویں صدی کی بہترین ایجاد

شفاء بخار۔ جو ہر قسم کے بخار کو خدا کے فضل سے دو دن میں کھو دیتی ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ

شفاخانہ محمدی علیگڈھ

فائدہ کی بات

حضرت خلیفۃ المسیح اول مولانا حکیم نور الدین صاحب کے ہر بیماری کے مجرب نسخے خواہ تیار شدہ ہی اس پتہ سے منگوا کر فائدہ اٹھاؤ۔

عبد الرحمٰن کاغانی دواخانہ رحمانی

قادیان پنجاب

جماعت احمدیہ کا ایڈریس

بخدمت حضور ہز ایکسلنسی سر ایڈورڈ ڈگلس میکلیگن۔ ایم۔ اے۔ کے۔ سی۔ ایس آئی۔ کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ آئی۔ سی۔ ایس۔ گورنر پنجاب۔ لاہور

ہم نمایندگان جماعت احمدیہ قادیان۔ اپنے سلسلہ کی طرف سے حضور کے اس ضلع میں تشریف لانے پر خیر مقدم عرض کرنے کے لئے حاضر ہوئے ہیں۔ جیسا کہ حضور کو علم ہوگا۔ کہ جماعت احمدیہ نے مہذب دنیا میں ایک خاص حرکت پیدا کر دی ہے۔ اور بڑے بڑے تعلیم یافتہ اور قانون دان یورپین اور امریکن ہر سلسلہ کے ساتھ اسقدر دلچسپی رکھتے ہیں۔ کہ وہ مرکز سلسلہ کے حالات کو معلوم کرنے اور پھر ان خیالات کو اپنے ملک کے لوگوں کے سامنے پیش کرنیکی بہت خواہش رکھتے ہیں۔ بیشک تمام سوسائٹیاں جنکی غرض مذہب اور لوگوں کے اخلاق اور تمدن کو درست کرنا ہوتی ہے۔ اس بات کی ضرورت رکھتی ہیں۔ کہ ایک مہذب گورنمنٹ کے اعلیٰ افسران بھی کچھ وقت بچا کر ان کے مرکزوں کو ملاحظہ کر کے اس بات کا پتہ لگا دیں۔ کہ ان سوسائٹیوں کا کیا کام اور مدعا ہے اور اس طرح تحقیقات کی روشنی میں اپنی گورنمنٹ کو بھی مضبوط کریں۔

لہٰذا احمدیہ جماعت جس نے کہ مہذب دنیا میں بہت بڑا انقلاب پیدا کر دیا ہے اس بات کی حقدار ہے کہ گورنمنٹ کا اعلیٰ افسر گورنمنٹ کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس جماعت کے مرکز کا گاہے بگاہے ملاحظہ کرتا رہے اور یہی وجہ ہم نے جناب سے قادیان آنے کی درخواست کی ہے۔ اور گو جناب اسوقت کثرت مشغولیت کی وجہ سے ہماری درخواست کو منظور نہیں کر سکے لیکن ہم امید رکھتے ہیں کہ حضور اس صوبہ کی حکومت سے سبکدوش ہونے سے پہلے کوئی وقت قادیان میں تشریف آوری کے لئے ضرور نکالیں گے اور آپ کے جانشین بھی گاہے بگاہے بخوشی قادیان میں تشریف لیجا کر ہماری جماعت کے حالات کو ملاحظہ فرمایا کریں گے۔ ہم حضور کی تشریف آوری پر حضور سے کسی قسم کے پولیٹیکل حقوق و مراعات لینے کے خواہشمند نہیں۔ صوبہ کے حاکم اعلیٰ کی تشریف آوری سے اخلاقی فوائد کا مترتب ہونا کچھ مستبعد نہیں۔

ہم اس موقع پر احمدیہ جماعت کی اس وفاداری کا جو اسے گورنمنٹ کے ساتھ ہے اظہار کرنا نہیں چاہتے۔ حضرت مرزا غلام احمد صاحب بانی سلسلہ احمدیہ نے جنکو کہ تمام جماعت کے لوگ اپنا مذہبی اور روحانی پیشوا یقین کرتے۔ اور جنکے ارشادات کے آگے نہایت اخلاص سے اپنا سر اطاعت خم کرتے ہیں۔ متواتر گورنمنٹ کی وفاداری کے لئے حکم فرمایا۔ اور آپ کی تعلیم کی پیروی میں جو در اصل اسلام کی ہی تعلیم ہے جماعت احمدیہ نے سخت مشکلات کے موقعوں پر بھی گورنمنٹ کی وفاداری کا ثبوت دیا ہے۔ اور یہ لوگ حکومت کی وفاداری کو ایک پاک فرض سمجھتے ہیں جو کہ ان پر مذہب کی طرف سے عائد ہوتا ہے۔ ورنہ بجز خدا کے کسی شخص کو منعم خیال نہیں کرتے۔ اور وہ جب کبھی اپنی ضروریات کو حکام کے سامنے پیش کرتے ہیں تو وہ کسی قسم کے صلہ کی غرض سے نہیں بلکہ بحیثیت حکومت کے امن پسند شہری اور بادشاہ کی رعایا ہونے کے ان کا یہ حق ہوتا ہے کہ وہ اپنی ضروریات کو اپنی حکومت کے سامنے پیش کر کے انکو پورا کرائیں۔ اور اب جبکہ حضور نے بکمال مہربانی سے اس ضلع کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے مشرف کیا ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر حضور کی توجہ کو اپنی دو بہت بڑی ضروریات کی طرف منعطف کرائیں۔

حضور اس بات سے واقف ہیں کہ قادیان احمدیہ جماعت کا جو صرف ہندوستان بلکہ ممالک غیر۔ مثلاً افغانستان۔ ترکستان۔ ایران۔ میسوپوٹیمیا۔ شام مصر۔ مشرقی افریقہ۔ مغربی افریقہ۔ ماریشیس سیلون۔ چین۔ ممالک متحدہ۔ امریکہ۔ جرمنی۔ اور انگلینڈ وغیرہ میں پھیلی ہوئی ہے۔ اور ہر طبقہ کے لوگ قادیان میں اکثر آتے جاتے رہتے ہیں اور بہت سوں نے انہیں سے یہاں پر اقامت اختیار کر لی ہے جس وجہ سے قادیان اب جلد جلد شہر کی صورت اختیار کر رہا ہے۔ علاوہ لوگوں کی اس بہت بڑی تعداد کے جو یہاں بطور مہمان آتے ہیں۔ بہت سے لوگ ہندوستان اور دوسرے ممالک سے بغرض مذہبی تعلیم بھی یہاں پر آتے رہتے ہیں۔ یہاں ایک بہت بڑا ہائی سکول ہے۔ ایک دینیات کا کالج۔ ایک مبلغین کا ٹریننگ سکول۔ ایک گرل سکول۔ ایک ہسپتال۔ چار پریس اور بہت سے اخبارات جاری ہیں۔ اور بہت دفاتر ہیں۔ جن کی خط و کتابت دور دور تک پھیلے ہوئے احمدیوں کے ساتھ ان کو سلسلہ کی تبلیغی۔ تعلیمی۔ تمدنی۔ ملکی۔ اور دیگر معاملات کی خبریں دینے کی غرض سے رہتی ہے۔

قصبہ کی جلد جلد ترقی اور بڑھنے کی وجہ سے قادیان اردگرد ضلع کے بہت بڑے حصہ کا تجارتی اور صنعتی سنٹر بھی بنتا جا رہا ہے۔ لہٰذا ریلوے سٹیشن بٹالہ سے آمد و رفت میں بھی بہت اضافہ ہو رہا ہے۔

لیکن جبکہ قادیان تجارتی اور تمدنی طور پر بہت بڑھ رہا ہے۔ ان دو اہم ضروریات کے نہ ہونیکی وجہ سے نہ صرف ہم لوگ بلکہ جماعت کے لاکھوں وہ لوگ جنکی یہاں ہمیشہ آمد و رفت رہتی ہے بہت سخت تکلیف اٹھا رہے ہیں۔ وہ دو ضروریات یہ ہیں۔ اول یہ کہ بٹالہ سے قادیان تک پکی سڑک نہیں ہے اور دوسرے قادیان میں تار گھر نہیں۔

موجودہ سڑک کثرت آمد و رفت کے باعث بہت خراب و خستہ اور سخت تکلیف دہ ہو گئی ہے۔ اور اگر حضور قادیان میں تشریف لاتے۔ تو خود ملاحظہ فرما لیتے کہ سڑک کسقدر خراب اور پبلک کے لیئے تکلیف دہ ہے

ایسا ہی قصبہ کی بڑھتی ہوئی ترقی۔ اور تمام دنیا پر پھیلے ہوئے سلسلہ کا سنٹر ہونیکی وجہ سے۔ تبلیغی۔ تعلیمی اور دوسری ضروریات کو باہر دوسرے سنٹروں تک پہنچانے کی خاطر تار گھر ہونیکی جسقدر ضرورت ہو سکتی ہے وہ خود حضور سمجھ سکتے ہیں۔

ہم قبل ازیں اپنی ان دونوں ضروریات کو اُن حکام کے پاس جو ان کے پورا کرنے کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں بہت دفعہ پیش کر چکے ہیں لیکن افسوس ہے کہ ہماری اس عرضداشت پر حکام نے کوئی توجہ نہیں فرمائی۔ لہذا اب ہم اس بات کی آزادی رکھتے ہیں۔ کہ اب جبکہ حضور یہاں تشریف لائے ہیں۔ ان دونوں اشد ترین ضروریات کو حضور کے سامنے پیش کریں۔ اور ہمیں اُمید ہے کہ حضور ہمارے ان جائز مطالبات کو جلدی پورا کرنے کے واسطے ہدایات نافذ فرمائینگے

آخر میں ہم تمام جماعت احمدیہ کی طرف سے حضور کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اور یہ بھی یقین دلاتے ہیں کہ جماعت احمدیہ خدا کے فضل سے ہمیشہ گورنمنٹ کی مدد کے لیئے جہاں تک اسکے امکان میں تیار رہے گی۔

ہم ہیں آپ کے فرمانبردار خادم

(۱) خان محمد علیخان جاگیردار مالیر کوٹلہ قادیان

(۲) مرزا بشیر احمد ایم۔ اے۔ خلف ثانی بانی سلسلہ احمدیہ قادیان

(۳) مرزا شریف احمد لفٹنٹ آئی۔ اے۔ آر۔ او۔ خلف ثالث بانی سلسلہ احمدیہ قادیان

(۴) مولوی شیر علی بی۔ اے۔ مینیجر تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان

[illegible] حضرت خلیفۃ المسیح ثانی

(۶) سید زین العابدین ولی اللہ شاہ ناظر تالیف و اشاعت و تعلیم و تربیت [illegible] مولوی [illegible]

[illegible]

(۸) مولوی عبد المغنی خان ناظر بیت المال قادیان

(۹) مولوی سید محمد سرور شاہ [illegible] احمدیہ قادیان

(۱۰) مولوی [illegible] آپ بوجہ علالت نہیں جا سکے [illegible] تشریف لیگئے

(۱۱) [illegible] حضرت خلیفۃ المسیح ثانی

جناب گورنر صاحب بہادر کا جواب

نہایت خوشی کی بات ہے کہ آپ نے آج سے چار سال پیشتر ایک ایڈریس مجھے دیا تھا۔ اور میرے خیال میں اپنی طرز کا وہ پہلا ایڈریس تھا جو آپ نے پیش کیا تھا۔ اور مجھے نہایت خوشی ہوئی ہے کہ آپ نے پہلی طرح اب پھر مجھ سے اسبات کی خواہش ظاہر کی ہے۔ کہ میں پھر آپ سے بذات خود ملوں۔

آپ کے پہلے ایڈریس کے موقعہ پر شرائط صلح ترکی کے باعث بہت تشویش اور کشمکش پھیلی ہوئی تھی۔ اور اسوقت میں نے آپ کو اور دوسرے مسلمانوں کو یقین دلایا تھا۔ کہ گورنمنٹ ہند نے آپ کے خیالات کو اعلیٰ حکام تک پہنچانے میں بہت سعی کی ہے۔ اور اب مجھے بہت تسلی ہے۔ جیسی کہ آپ کو بھی ہوگی۔ وہ باتیں گذر چکی ہیں کیونکہ اب ترکی کے ساتھ صلح کی ایسی شرائط طے ہو چکی ہیں۔ جنکی رو سے اب ترکی گزشتہ چار سال پہلے کی نسبت بہت زیادہ طاقتور ہے اور جو واقعات مشرق قریب میں ظہور پذیر ہوئے ہیں انکی وجہ سے بہت سے ایسے معاملات جنکا بظاہر حل ہونا بہت مشکل نظر آتا تھا حل ہو گئے ہیں۔

گو آپ کا نقطۂ مرکزی وہ نہیں ہے جو عام مسلمانوں کا ہے۔ لیکن میں جانتا ہوں۔ کہ پھر بھی آپ کو مسلم کمیونٹی کے ساتھ ہمدردی ضرور ہے لیکن یہ امر میرے لئے کسقدر اطمینان کا باعث ہے کہ جس نظر سے آپ نے اپنے مرکز قادیان جانیکے متعلق راستہ کی خرابی کی شکایت کی ہے۔ اور میں بھی آپ کے خیالات کو اس معاملہ کے متعلق بہت پسند کرتا ہوں۔ اور آپ کے قصبہ تک پہنچنے کے لئے جو تکلیف ہمیں ہوئی اسبات کا باعث ہوئی ہے۔ کہ میں نے بجائے آپ کے گھر پر جانے کے آپکو گورداسپور آنے کی تکلیف دی ہے۔ آپ کی سڑک کا معاملہ میں جانتا ہوں کہ کئی دفعہ پہلے بھی زیر بحث رہا ہے۔ لیکن میں ظاہر کرتا ہوں کہ اسکا علاج میرے اور گورنمنٹ کے ہاتھ میں نہیں بلکہ ڈسٹرکٹ بورڈ گورداسپور کے ہاتھ میں ہے۔ اور وہی اسکو اپنی مالی حالت اور دوسری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پورا کرنے کی کوشش کرے گا۔ ایسا ہی تار گھر کا معاملہ بھی میرے اختیار سے باہر ہے۔ لیکن میں بڑی خوشی سے آپ کی ضروریات کو اُن حکام تک جو اسکے ساتھ تعلق رکھتے ہیں پیش کرونگا۔

اور میں اس بات کو بھی ظاہر کرنا نہایت ضروری سمجھتا ہوں کہ میں آپ کے اس رویہ کو جو کہ پبلک کو مطمئن کرنے کے متعلق ہے بہت پسند کرتا ہوں۔ اور میں نے آپ کے ساتھ گزشتہ ملاقات کے موقع پر بھی اسبات کا کہ جو آپ نے گزشتہ جنگ عظیم۔ اور جنگ افغانستان میں گورنمنٹ کی آدمیوں اور روپیہ سے مدد کی تھی اعتراف کیا تھا۔ اور مجھے پچھلی سردیوں کے دنوں میں آپکے بہت سے لوگوں کو ٹیریٹوریل کمپنی میں ٹریننگ لیتے دیکھ کر بھی بہت خوشی ہوئی۔ اور آپ کی خدمت جو پبلک کی خاطر ہے مجھے بہت پسند آئی۔ اور مجھے امید واثق ہے۔ کہ آپ اس روح کو اپنے اندر قائم رکھیں گے۔ اور ہم میں سے وہ لوگ جو پنجاب کو با امن اور مطمئن بنانا چاہتے ہیں۔ اُن کے لیئے ضروری ہے کہ وہ آپ ہی کی طرح گورنمنٹ کے ساتھ تعاون پیدا کریں۔

صاحبان میں آپ کے مہربانہ ایڈریس کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور اسبات کا خوشی سے خواہشمند ہوں کہ پھر بھی اسی طرح آپ سے ملاقات کروں ✦

الفضل کی توسیع اشاعت

میں یہی کہونگا ہر ایک احمدی کا فرض ہے جسقدر الفضل کی اشاعت زیادہ ہوگی اسی قدر سلسلہ حقہ کی تبلیغ و سعت اختیار کرے گی۔ باوجود سلسلہ کا آرگن ہونے کے الفضل کی اشاعت اتنی نہیں ہے کہ ہم اس پر کوئی فخر کر سکیں احباب توجہ فرماویں ✦ مینیجر۔

باہتمام شیخ عبد الرحمٰن قادیانی پرنٹر و پبلشر ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپکر شائع ہوا